دل کی بات

پاکستان کی قومی اسمبلی کو ایک ماہ سے زائد عرصہ ہو چکا کہ صدر پاکستان کے نفسِ گرم کی تاثیر کے سبب وہ شعلۂ جوالہ سے خاکستر ہو کے رہ گئی۔ "کشتگانِ خنجرِ ترمیم" ----۸ ویں ترمیم اور اس کے مالک و مختار کو جلی کٹی بھی سنا رہے ہیں اور عدالتی اور عوامی معرکہ آرائی میں سینہ سپر بھی ہیں۔ دوسری طرف نگران کابینہ یا (ایک بزرگ سیاسی مبصر کے بقول) صحیح تر الفاظ میں "نئے سرداری نظام" کے شاملین و شاغلین کو کم وقت میں سخت مقابلہ در پیش ہے۔

بھان متی کے اس کنبے میں راشٹرپتی، پردھان منتری اور منتریوں کے ٹڈی دل کی خوب بن آئی ہے۔ سب مزے میں ہیں۔ سب ایک ہیں

بریں خوانِ یغما چہ دشمن چہ دوست؟

شریمتی بے نظیر بھٹو نے نئے انتخابی منشور کا اعلان کرتے ہوئے اپنے باوا کی تثلیثی روایت یوں نبھائی ہے کہ اسلام، سوشلزم اور جمہوریت کی بجائے نیو سوشل کنٹریکٹ، نسل پرستی کے خاتمے اور پاکستانی قوم کے اتحاد اور روشن خیال اسلام کا نعرہ بلند کر دیا ہے اور ادھر شری یت کوثر نیازی نے اپنی روایت یوں نبھائی ہے کہ ایک تازہ دیاکھیان میں انہوں نے کہا ہے کہ "حضرت مریم کی طرح بے نظیر کی تعریف ممکن نہیں۔ جس طرح مریم کی مکمل تعریف یہ ہے وہ حضرت عیسیٰ کی والدہ ہیں اسی طرح میں یہ کہوں گا کہ وہ بھٹو کی بیٹی ہیں۔ وہ خود بھی بے نظیر ہیں" استغفر اللہ!

بک رہے ہیں جنوں میں کیا کیا کچھ!

یہ ہے بی بی کا روشن خیال اسلام اور اس کا اور چھور! اور یہ ہے خان بابا کی نگران کابینہ اور اس کے باون چور!

ہم پوچھتے ہیں کیا پورے ملک کے علماء کرام کو سانپ سونگھ گیا ہے؟ نگران کابینہ کی خیرات و زکوٰۃ پر جھپٹنے والے "منتری مولوی" اور قوم کی زکوٰۃ و خیرات کو استعمال میں لا کر گلچھرے اڑانے والے سب چھوٹے بڑے مذہبی و سیاسی "قائدین" کیا اس قسم کی ہرزہ سرائیوں کو ٹھنڈے پیٹوں برداشت کرنے کو "جمہوریت" سمجھتے ہیں؟ تفو بر تو اے چرخِ گرداں تفو

نگران کابینہ کے ایک اور "شیئر ہولڈر" مولانا شاہ احمد نورانی نے فرمایا ہے کہ "ہم پاکستان میں جمہوریت کو دیکھنا چاہتے ہیں، ہم نہیں چاہتے کہ پاکستان کو ملا کی گرفت میں دے دیا جائے" گویا حضرت مولانا یہ باور کرا رہے ہیں کہ ان کے اور جمعیت علماء اسلام کے "اسلامی جمہوری محاذ" کی آخری منزل اسلام نہیں جمہوریت ہے اور جمہوریت بھی نگران کابینہ والی! انتخابی ہزیمتوں سے پاک!

ادھر جماعت اسلامی کے قاضی حسین احمد نے "پاکستان اسلامک فرنٹ" کا ڈول ڈال دیا ہے۔ ابتدائی مرحلے میں تو اس فرنٹ میں جو لوگ نمایاں ہو کر سامنے آئے ہیں ان کی حیثیت

بقیہ صفحہ ۹ پر دیکھیں!